# نوٹس برائے 35واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بیافو انڈسٹریز لمیٹڈ کا 35واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 25 اکتوبر 2023 دن 11:00 بجے کہکشاں ہال، اسلام آباد ہوٹل، G-6 سوک سینٹر، میلوڈی مارکیٹ، اسلام آباد میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

## عمومی امور

1- سالانہ اجلاس عام منعقدہ 25 اکتوبر 2022 کے منٹس کی توثیق۔

2۔ 30 جون 2023 کو مکمل ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بمع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی اور اختیار کرنا۔

3۔ 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے سال کیلئے حتمی نقد منافع منقسمہ 3.00 روپے فی شیئر (30 فیصد) اور 26 اپریل 2023 کو اعلان کردہ عبوری نقد منافع منقسمہ 2.30 روپے فی شیئر (23 فیصد)، مجموعی نقد منافع منقسمہ 5.30 روپے فی شیئر (53 فیصد)۔

4۔ 2023-24 لئے آڈیٹرز اوران کے معاوضے کی تقرری۔ ریٹائرڈ ہونے والے آڈیٹرز میسرز یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہلیت کے حامل ہونے پر خود کو سال 2023-24 دوبارہ تعیناتی کیلئے پیش کیا ہے۔

## خصوصی امور

5- درج ذیل امور کو تبدیلی یا بغیر تبدیلی زیر غور لانا اور مناسب سمجھنے پر منظور کرنا۔

طے پایا کہ کمپنی کے مجاز کیپیٹل شیئرز 600,000,000 منقسم 60,000,000 فی عمومی شیئر 10 روپے سے بڑھ کر 1,500,000,000 منقسم 150,000,000 فی عمومی شیئر 10 روپے ہوگئے ہیں جن میں 90,000,000 عمومی شیئرز 10 روپے شیئر کا اضافہ ہوا ہے۔

مزید طے پایا کہ مجاز کیپیٹل شیئرز میں اضافے کی وجہ سے کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں درج ذیل تبدیلی کی جاتی ہے۔

- میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق IV ''کمپنی کے مجاز کیپیٹل شیئرز 1,500,000,000 منقسم 150,000,000 فی عمومی شیئر 10 روپے ہوگئے ہیں''
- آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی شق 3 ''کمپنی کے مجاز کیپیٹل شیئرز 1,500,000,000 منقسم 150,000,000 فی عمومی شیئر 10 روپے ہوگئے ہیں''

طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر یا کمپنی سیکرٹری درج بالا امور کی انجام دہی کیلئے تمام قانونی تقاضوں کو پورا کرنے اور ضروری دستاویزات کو فائل کرنے کیلئے کسی یا تمام ضروری یا ضمنی اقدامات کرنے کے مجاز ہوں گے۔

6۔ چیئرمین کی اجازت سے میٹنگ میں رکھے جانے والے کچھ دیگر عمور کی انجام دہی کے لیے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت ایجنڈا آئٹم میں شامل خصوصی امور کے حوالے سے بیان نوٹس کے ساتھ ممبران کو بھیجا جا رہا ہے۔

بحکم بورڈ

خواجہ شائق تنویر
کمپنی سیکرٹری

مورخہ:
26 ستمبر 2023

## نوٹس

-1 کمپنی کی شیئر منتقلی کی کتب 17 اکتوبر 2023 تا 25 اکتوبر 2023 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔

-2 اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والے ممبر اپنی جگہ پر ووٹ دینے اور شرکت کرنے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ مقررہ شخص کو شرکت، بولنے اور ووٹ کرنے کے وہی حقوق حاصل ہوں گے جو کہ ممبر کو حاصل ہوتے ہیں۔ پراکسی کے موثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ مہر شدہ، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ پراکسیز (Proxies) کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں میٹنگ شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل پہنچ جانی چاہئیں۔ پراکسی کیلئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں۔

-3 سی ڈی سی شیئر ہولڈرز یا ان کے پراکسی، سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنے ہمراہ اصل شناختی کارڈز یا پاسپورٹس، یا شرکت کنندہ کے آئی ڈی نمبرز، اکاؤنٹ نمبرز ساتھ لائیں تا کہ ان مقاصد کیلئے ان کی عموی دستاویزات کی توثیق کی جاسکے۔

## کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور زکوٰۃ

4۔ ممبران سے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل جمع کرانے کی استدعا کی جاتی ہے تا کہ ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کیا جاسکے۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل نہ جمع کرانے کی صورت میں مستقبل کے تمام حصص روک لئے جائیں گے۔

5۔ ممبران سے استدعا کی جاتی ہے کہ وہ زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 کے مطابق زکوٰۃ سے استثنٰی کا بیان جمع کرائیں یا پتہ میں تبدیلی تجویز کریں، اگر ہو تو۔

## اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کیلئے

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے بذریعہ اپنے سرکلر نمبر 6 بتاریخ 03 مارچ 2021 شیئر ہولڈرز کی سالانہ اجلاس عام میں شرکت کیلئے لسٹڈ کمپنیوں کو وڈیو لنک کا انتظام کرنے کی بھی اجازت دی ہے، شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاس عام میں ذاتی طور پر شریک ہونے کے علاوہ اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک بھی شریک ہوسکتے ہیں۔

بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز "Registration for Biafo Industries Limited AGM-2023" کے عنوان کے ساتھ اپنا نام، فولیو نمبر، موبائل نمبر اور اپنے نام پر درج شیئرز کی تعداد بشمول قومی شناختی کارڈ نمبر management@biafo.com پر جمع کرائیں۔ وڈیو لنک اور لاگن کی تفصیل صرف ان ممبران یا ان کے پراکسیز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جو سالانہ اجلاس عام سے کم از کم 48 گھنٹے تمام کوائف پر مبنی ای میل کریں گے۔

## پوسٹل بیلٹ/ای ووٹنگ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشنز 145-143 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی شرائط پر پورا اترنے کی صورت میں ممبران ای ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے بھی اپنا ووٹ دینے کا حق استعمال کرسکتے ہیں۔

## ای ڈیوڈنڈ

لسٹڈ کمپنی ہونے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی رو سے شیئر ہولڈرز اپنے منافع کی نقد ادائیگی صرف الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے براہِ راست اپنے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں کرسکتے ہیں۔ اسی لئے نوٹس ہذا کے ذریعے تمام حصص داران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سینٹرل ڈیپازٹری سسٹم میں متعلقہ درخواست دہندگان اپنے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹس (IBAN) کی تفصیلات کو اپ ڈیٹ کریں۔ مادی حصص (Physical Shares) کی صورت میں اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کریں۔ شیئرز ہولڈرز کیلئے ای۔ڈیوڈنڈ مینڈیٹ فارم منسلک کیا گیا ہے۔

# نوٹس برائے 35واں سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ سینٹرل ڈیپازٹری سسٹم میں متعلقہ درخواست دہندگان اپنے انٹرنیشنل بینک اکاونٹس (IBAN) کی تفصیلات کو اپ ڈیٹ کریں۔ مادی حصص (Physical Shares) کی صورت میں اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کریں۔ شیئرز ہولڈرز کیلئے ای۔ڈویڈنڈ مینڈیٹ فارم منسلک کیا گیا ہے۔

## سی ڈی سی اکائونٹ میں فزیکل شیئرز کا ڈیپازٹ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کی رو سے ہر موجودہ کمپنی ایس ای سی پی کے مجوزہ طریقہ کار اور اعلان کردہ تاریخ کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017 کے 31 مئی 2017 میں اطلاق کے بعد 4 سال کے اندر اپنے فزیکل شیئرز بک انٹری فارم میں منتقل کرنے کی پابند ہے۔ شیئر ہولڈرز جن کے پاس فزیکل شیئرز ہیں کسی بروکر یا انویسٹر کے پاس سی ڈی سی سب اکاؤنٹ یا سی ڈی سی کے پاس براہ راست اپنا اکاؤنٹ کھلوائیں اور اپنے شیئرز scrip-less فارم میں رکھیں۔ اس سہولت کی بدولت شیئرز محفوظ رہیں گے اور کسی بھی وقت فروخت کیے جاسکیں گے۔ سٹاک ایکسچینج کے موجود قوانین کے مطابق فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔

## فائلر اور نان فائلر کا سٹیٹس

i۔ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے مطابق جس میں کمپنیوں کی جانب سے ادا کی جانے والی مالیت پر منافع کے ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے نرخ وضع کئے گئے ہیں۔ ٹیکس کے انراخ مندرجہ ذیل ہیں۔

الف۔ انکم ٹیکس ریٹرنز فائلرز کیلئے 15 فیصد ب۔ انکم ٹیکس ریٹرنز نان فائلرز کیلئے 30 فیصد

کمپنی کو مالیت کے عوض 30 فیصد کے بجائے 15 فیصد کے حساب سے نقد منافع منقسمہ (Cash Dividend) پر ٹیکس کٹوتی کے قابل بنانے کیلئے ان تمام شیئرز ہولڈرز جن کا نام، ٹیکس فائلر ہونے کے باوجود، ایف بی آر کی ویب سائٹ پر موجود ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں موجود نہیں ہے، کو یہ بات یقینی بنانے کی ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ 25 اکتوبر 2023 کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں نقد منافع کی منظوری کی تاریخ تک یا اس سے قبل اپنا نام ATL میں درج کروالیں بصورت دیگر نقد منافع پر 15 فیصد کی بجائے 30 فیصد ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

مزید برآں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی موصول شدہ وضاحت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین علیحدہ علیحدہ حصص داران کے فائلر / نان فائلر ہونے کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں بھی شیئرز کی مناسبت سے یہی طریقہ اختیار کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں تمام شیئر ہولڈرز جو مشترکہ طور پر شیئرز رکھتے ہیں وہ اپنے حصہ کے تناسب کے بارے میں ہمارے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل کے مطابق فراہم کریں (اگر پہلے فراہم نہیں کیا)۔

| Company Name | Folio/ CDS Account No. | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |

ii ۔ کسی بھی قسم کے استفسار/شکایات/معلومات کی صورت میں سرمایہ کار کمپنی یا شیئر رجسٹرار سے مندرجہ ذیل فون نمبر یا ای میل ایڈریس کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### BIAFO انڈسٹریز لمیٹڈ

1st فلور، BIAFO ہاؤس، پلاٹ نمبر 23، گلی نمبر 40-38، آئی اینڈ ٹی سینٹر، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد، پاکستان۔

ٹیلیفون: 57-2353455 ,53-2353450-51-92+ فیکس: 2353458-51-92+

ویب سائٹ: www.biafo.com

ای میل: management@biafo.com

### ایف۔ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

17th فلور، صائمہ ٹریڈ ٹاور-A، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

فون: +92 21 32271905-6

ii۔ سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کیلئے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) ہونا لازمی ہے جو ان کے متعلقہ شرکت کنندہ کے ساتھ اپ ڈیٹ ہو جبکہ فزیکل شیئرز کے حامل کارپوریٹ ممبران اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ارسال کرنا ضروری ہے۔ شیئر ہولڈرز اپنا NTN یا NTN سرٹیفکیٹ بھیجتے وقت، کسی بھی صورت میں کمپنی کا نام اور فولیو نمبر ضرور درج کریں۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان

یہ بیان غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 25 اکتوبر 2023 میں خصوصی امور کی انجام دہی سے متعلق حقائق پیش کرتا ہے۔

کمپنی کے موجودہ مجاز کیپیٹل شیئرز 600,000,000 منقسم 60,000,000 فی عمومی شیئر 10 روپے ہیں۔

کمپنی کو مستقبل میں بڑھوتری اور موجودہ اور نئے منصوبہ جات کی مناسب فنڈنگ کیلئے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے مجاز کیپیٹل شیئرز 600,000,000 منقسم 60,000,000 فی عمومی شیئر 10 روپے میں 900,000,000 منقسم 90,000,000 فی عمومی شیئر 10 روپے کے اضافے کی تجویز دی ہے جس کے بعد کمپنی کے مجاز کیپیٹل شیئرز 1,500,000,000 منقسم 150,000,000 فی عمومی شیئر 10 روپے ہو جائیں گے۔ کمپنی کے مجاز کیپیٹل شیئرز میں اضافہ کمپنی اور اسکے شیئرز ہولڈرز کے فائدے میں ہے جس میں کسی کا کوئی نقصان نہیں ہے۔ کمپنی کے ڈائریکٹرز اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کا مفاد محض ان کے عہدوں اور شیئرز ہولڈرز تک محدود ہے۔ اس لیے تجویز دی گئی ہے کہ کمپنی کے کیپیٹل شیئرز میں اضافہ کیا جائے تاکہ کمپنی کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ مستقبل میں ضروری قانونی اور ریگولیٹری کاروائی کے بعد بورڈ کی منظوری سے مشروط ممبرز کو بونس / رائٹ شیئرز کی پیشکش کے ذریعے اپنے پیڈ اپ کیپیٹل میں اضافہ کرے۔

نئے عمومی شیئرز جب جاری کیے جائیں گے تمام لحاظ سے موجودہ عمومی شیئرز کے برابر ہوں گے۔